ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (221)

14-04-2023

**بہاول پور() جمعتہ المبارک کے روز ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کے سیکیورٹی کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے وزٹ، سیکیورٹی ڈیوٹی کو چیک کیا، ملکی صورتحال کے پیش نظر ڈیوٹی پر مامور اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی، ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ایس ڈی پی اوز نے اپنے سرکل جبکہ ایس ایچ اوز نے اپنے تھانہ جات کی حدود میں جمعتہ المبارک کے حوالے سے مساجد اور امام بارگاہوں کے سیکیورٹی ڈیوٹی پر مامور افسران و جوانوں کو چیک کیا۔سیکیورٹی پر مامور جوانوں کے پاس موجود اسلحہ اور حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا۔جوانوں کو الرٹ رہ کر ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہمارا فرض بہت اہم ہے،شہریوں کو احساس تحفظ دلانا ہے کہ ہم انکی سیکیورٹی کے لیے موجود ہیں۔ملکی صوتحال کے پیش نظر شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں اور الرٹ رہیں کیونکہ ہم الرٹ رہیں گے تو شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے، انہوں نے ایس ڈی پی او ز اور ایس ایچ اوز کو اپنے اپنے ایریا میں موثر گشت اور سیکیورٹی انتظامات کے حوالے سے ہدایات بھی جاری کیں۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: جمعتہ المبارک کے حوالے پولیس کے جوان مساجد پر ڈیوٹی سرانجام دیتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(222)

مورخہ 14/04/2023

**بہاولپور ( ) پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، مختلف مقدمات میں 13 ملزمان گرفتار۔110 لیٹر دیسی شراب، 02 کلوگرام سے زائد چرس اور اسلحہ ناجائز برآمد، جرم جیسا بھی ہو قانون کی نظر سے نہیں بچ سکتا، ایسی مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد کر لیا۔تھانہ ہیڈ راجکاں اور سٹی حاصلپور نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے ملزمان رفیق اور سلیم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 110 لیٹر دیسی شراب برآمد کر لی۔تھانہ مسافر خانہ پولیس نے منشیات فروشی کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے ملزمان امین اور اسد کو گرفتار کرتے ہوئے قبضہ سے 2500 گرام چرس برآمد کر لی۔تھانہ قائم پور، مسافر خانہ، سٹی یزمان اور سٹی حاصلپور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان شبیر، نور محمد، اقبال، سلیم، غلام حسین، راشد، صدیق، طارق اور بشیر کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 07 عدد پسٹل 30 بور، 01 رائفل 222 بور اور 01 ریپٹر 12 بور برآمد کر لیا۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان کو بند حوالات کر دیا گیا۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاولپور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاولپور: پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، مختلف مقدمات میں 13 ملزمان گرفتار۔